شیخ راحیل احمد (جرمنی)

سید منیر احمد شاہ کے اعزاز میں اہالیان کولون کا جلسہ

جرمنی کے شہر کولون میں مسلمانوں نے ۔۱۹ جون ۲۰۰۵ء بروز اتوار، جرمنی کے شہر اوسنا بروک میں رہنے والے نو مسلم (سابق قادیانی) سید منیر احمد شاہ صاحب کے اعزاز میں جلسہ رکھا۔ نومسلم سید منیر احمد شاہ صاحب ۳۰۰ کلومیٹر دور سے آٹھ نو ساتھیوں کے ساتھ تشریف لائے۔ اہالیان کولون کی طرف سے اس جلسہ کا انتظام کرنے والوں میں سابق قادیانی افتخار احمد، اور کئی دوسرے مخلصین شامل تھے۔ اس جلسہ کو خطاب کرنیوالوں میں، جناب نثار میر صاحب، شیخ راحیل احمد، شہزاد صبا صاحب، نومسلم سید منیر احمد شاہ صاحب اور خطیب منہاج القرآن، فرانکفرٹ مکرم مولانا محمد احمد اعوان شامل تھے۔

جلسہ کا آغاز جناب نثار میر صاحب انجینئر کولون کی زیر صدارت، تلاوت قرآن کریم کے ساتھ ہوا۔ اس کے بعد برادرم افتخار احمد نے حمد باری تعالیٰ خوش الحانی کے ساتھ سنائی۔ مکرم نثار میر صاحب نے اپنی صدارتی تقریر میں ختم نبوت کی اہمیت اور اسلام میں داخل ہونے کی برکات کا ذکر کیا۔ شیخ راحیل احمد نے نومسلم سید منیر شاہ صاحب کو اسلام قبول کرنے پر خوش آمدید کہا اور حاضرین کو توجہ دلائی کہ جب ایک قادیانی اسلام میں داخل ہوتا ہے تو اسکی کیا توقعات ہوتی ہیں اور اس کو اسلام کو سمجھنے کے لیے مسلمان بھائیوں کے مخلصانہ تعاون کی کتنی زیادہ ضرورت ہوتی ہے اور نئے آنے والے اور خوش آمدید کہنے والوں کے درمیان ایک قریبی اور اچھا تعلق دوسروں کو بھی کفر چھوڑ کر اسلام میں آنے کی ترغیب دے سکتا ہے۔ اوسنا بروک کے مکرم شہزاد صبا صاحب نے جرمن زبان میں اسلام قبول کرنے اور اسلامی عبادات کی اہمیت کی طرف توجہ دلائی۔ اسکے بعد سید منیر شاہ صاحب مہمان خصوصی کا خطاب تھا۔ سید منیر احمد شاہ صاحب نے، جو کہ پیدائشی قادیانی تھے اور قادیانی جماعت میں مقامی عہدوں پر بھی کام کرتے رہے تھے، کچھ عرصہ قبل اپنے بیوی بچوں سمیت قادیانیت سے تائب ہو کر مقامی عربوں کے زیر اہتمام مسجد میں جا کر، حضرت رسول کریم ﷺ کا کلمہ پڑھکر اسلام قبول کر لیا تھا اور اسلام قبول کرنے سے پہلے ان کا رابطہ مقامی مسلمانوں کے ساتھ نہیں تھا۔ جلسہ میں منیر شاہ صاحب نے اپنے اسلام قبول کرنے کی وجوہات بتائیں، انہوں نے بتایا کہ ۹/۱۰ محرم کی درمیانی رات خواب میں ان کو رسول کریم ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی اور دیکھا کہ سابق قادیانی خلیفہ مرزا طاہر اور اسکے ساتھی رو رہے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے ان سے نفرت کا اظہار کیا۔ صبح اٹھنے پر انہوں نے اپنے آپ سے کہا کہ اس سے زیادہ اور کیا انتظار کرو گے، انہوں نے بیوی بچوں کے ساتھ مشورہ کر کے جھوٹے قادیانی مذہب کو چھوڑ دیا۔ اور بتایا کہ وہ خدا تعالیٰ کے فضل سے بچپن سے ہی غیر مطمئن تھے اور اکثر صراط مستقیم کے لیے دعا کیا کرتے تھے ۔ نیز مسلمانوں کو قادیانی کیا سمجھتے ہیں پر اپنے خیالات کا اظہار کیا اور بتایا کہ قادیانی مسلمانوں، ان کی تعلیم اور ختم نبوت کے عقیدہ کو نیست و نابود کرنا چاہتے ہیں تا کہ ان مسلمان بھائیوں کو جو قادیانی خیالات کو نہیں جانتے، اندازہ ہو کہ قادیانی

مسلمانوں کو کیا سمجھتے ہیں اور قادیانی دجل کا مقابلہ کرنے کے لیے اپیل کی اور اپنی تقریر کلمہ کے ورد پر ختم کی۔ دمکرم افتخار احمد صاحب نے خوش الحانی کے ساتھ ایک نظم پڑھی۔ نظم سے پہلے افتخار صاحب نے بھی اپنے ایک خواب میں مقدس مقامات کی زیارت کا ذکر کیا اور ساتھ ہی مرزا قادیانی کے خواب لوگوں کو سنائے اور بتایا کہ مسلمان تو مقدس مقامات اور حضور انور ﷺ کو خواب میں دیکھ رہے ہیں لیکن مرزا غلام احمد قادیانی خوابوں میں بلیوں کو پھانسی دے رہا ہے اور سنڈھوں کے کٹے ہوئے سر دیکھتا تھا۔ سب سے آخر میں مہمان خصوصی مولانا محمد احمد اعوان ایم اے نے انتہائی پر مغز تقریر کی اور مختلف پہلوؤں سے' مرتبہ رسول کریم ﷺ پر روشنی ڈالی۔

اختتام جلسہ پر ہر ایک شخص نے برادرم منیر احمد شاہ صاحب سے معانقہ کیا۔ جلسہ میں صرف کولون کے قرب و جوار سے ہی نہیں بلکہ بہت دور دور سے مثلاً فرینکفرٹ، اوسنا بروک، سٹٹ گارڈ اور دوسری جگہوں سے بھی احباب تشریف لائے اور پاکستانی مسلمانوں کے علاوہ ترکی، عربی اور انڈیا کے مسلمان بھی شامل تھے اور اس بابرکت جلسہ کی رونق بڑھائی، جلسہ کی جگہ کھچا کھچ بھری ہوئی تھی بلکہ کم پڑ گئی تھی الحمدللہ۔ آخر میں نثار میر صاحب نے سب کا شکریہ ادا کیا، سب حاضرین کی تواضع کھانے اور مشروبات سے کی گئی اور اہالیان کولون کی طرف سے سید منیر احمد صاحب کو پھولوں کے گلدستے بھی پیش کیے گئے۔ اس طرح یہ جلسہ اختتام کو پہنچا۔ خدا کرے کہ اس جلسہ کی برکات بہت سی سعید روحوں تک پہنچیں۔ (آمین)

ماہانہ مجلس ذکر و اصلاحی بیان

آلِ نبی اولادِ علی
حضرت پیر جی ابن امیر شریعت دامت برکاتہم
سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ
امیر مجلس احرار اسلام پاکستان

7 اگست 2005ء
اتوار بعد نماز مغرب

دفتر احرار 69/C
وحدت روڈ نیو مسلم ٹاؤن لاہور

الداعی الی الخیر میاں محمد اویس ناظم مدرسہ معمورہ 69/C حسین سٹریٹ وحدت روڈ نیو مسلم ٹاؤن لاہور